🚏📚🚏📚🚏📚🚏📚
LESSON FOR MONDAY
5TH SEPTEMBER 2016
MINHAJ UL QASIDEEN
🚏📚🚏📚🚏📚🚏📚

بسم الله الرحمن الرحیم 📚

📚 باذن الله تعالی

📚 LECTURE BY USTAZA
DR. FARHAT HASHMI

📚 MINHAAJUL QASIDEEN

📚 LESSON # 40

📚 TOPIC:- KITAB E TEHREEM.

📚 DURATION:- 10:58 MINTS⏰

📚📆MONDAY, 5TH SEPTEMBER 2016

🚏📚🚏📚🚏📚🚏📚🚏📚

🚏کتاب التحریم

🚏فصل پنجم

🚏وہ صفات جو دوست میں ہونا چاہیں۔

🚏حدیث (مفہوم ):
آدمی اپنے دوست کے دین پر ہے۔

🚏ہر آدمی اس قابل نہیں ہوتا کہ اس سے دوستی استوار کی جائے۔ ضروری ہے کہ جس کو چنا جائے وہ عادات و خصائص میں دوسروں سے ممتاز ہو۔

🚏یہ خصائص دو طرح کے ہوں گے۔
👈 دنیاوی مال و جاہ۔
👈دینی علم و عمل و جاہ۔

🚏اچھے دوست میں 5 خصلتیں ہونا چاہیے۔

1️⃣ عقل مند ہو۔
2️⃣ اچھے اخلاق والا ہو۔
3️⃣ فاسق نہ ہو۔
4️⃣ بدعتی نہ ہو۔
5️⃣ نہ دنیا کا حریص ہو۔

🚏حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا (مفہوم):
📌سچے بھائیوں سے تعلق رکھو۔ ان کی حمایت میں زندگی گزارو۔
📌اپنے بھائی کے معاملے میں اچھی تاویل کرو، (یہاں تک کہ کسی ایسی چیز کا علم ہو، جس سے قلق ہو۔)
📌 اپنے دشمن سے کنارہ کش رہو۔
📌دوست سے ہوشیار۔ (سوائے امین دوست کے۔ امین وہی ہے، جو اللہ سے ڈرے۔)
📌فاجر سے صحبت نہ رکھو، کیونکہ تم اس سے فجور سیکھو گے۔ اس کو اپنے راز پر مطلع نہ کرو۔
📌اپنے امور پر ان دو آدمیوں سے مشورہ کرو، جو اللہ سے ڈرتے ہوں۔

🚏یحیٰی بن معاذ کہتے ہیں: " برا دوست وہ ہے، جسے یہ کہنے کی ضرورت پڑے کہ اپنی دعاؤں میں یاد رکھنا اور اس سے مدارات (خاطر مدارت) سے پیش آنا پڑے یا تم کو اس کے پاس معذرت کی ضرورت پیش آئے۔

🚏کچھ لوگ حضرت حسن رضی اللہ عنہ کے پاس آئے۔ وہ سو رہے تھے۔ ان میں سے بعض گھر سے پھل لیکر کھانے لگے۔ بیدار ہونے پر آپ کو اس بات کا علم ہوا۔ فرمانے لگے: "اللہ آپ پر رحم فرمائے۔ اللہ کی قسم یہ بھائیوں کا کام ہے۔"

🚏اللہ سے دعا ہے کہ وہ ہمارے اندر اچھے اخلاق پیدا کرئے اور وہ صفات پیدا کرے کہ اس کے پسندیدہ بندے بن جائیں۔ آمین

🚏📚🚏📚🚏📚🚏📚🚏📚🚏

🚏Kitab AlTahreem

🚏Fasl e Panjum

🚏Wo safaat ju dost main hona chahiyain.

🚏Hadees (Mafhoom):
Admi apna dost kay deen par hai.

🚏Har admi is qabil nahi hota khe us se dosti istawar ki jaye. Zaroori hai khe jis ko chuna jaye wo a'daat wa khasais main dosron se mumtaz ho.

🚏Ye khasais do tarhan kay hon ghay.
👉Dunyawi mal o jah.
👉Deeni ilm o a'mal o jah.

🚏Achay dost main 5 khaslatain hona chahiyain.

1️⃣Aqal mand ho.

2️⃣Achay ikhlaq wala ho.
3️⃣Fasiq na ho.
4️⃣Bia'ti na ho.
5️⃣Na dunya ka harees ho.

🚏Hazrat Omar (R.A) nay farmaya(Mafhoom):
📌Sachay bhaiyon se taa'luq rakho. Un ki hamayat main zindaghi ghuzaro.
📌Apnay bhai kay mamlay main achi taweel karo. (Yahan tak khe kisi aise cheese ka ilm ho, jis se qalaq ho.)
📌Apnay dushman se kinara kash raho.
📌Dost se hoshyar. (Siwaye ameen dost kay aur ameen wohi hai, ju Allah se daray.
📌Fajir se suhbat na rakho, kiyon kay tum us se fajoor sikho ghay. Us ko apnay raz par mutla' na karo.
📌Apnay umoor par un do admiyon se mashwara karo, ju Allah se dartay hon.

🚏Yahyah bin Mua'z khetay hain: "Bura dost wo hai, jisay ye khenay ki zaroorar paray khe dua'on main yad rakhna aur us se madarat (khatir madarat) se paish ana paray ya tum ko us kay pass mua'zrat ki zaroorat paish aye.

🚏Khouch logo Hazrat Hassan (R.A) kay pass aye. Wo so rahay thay. In main se baa'z ghar se phal lai kar khanay laghay. Baidar honay par ap ko is bat ka ilm howa. Farmanay laghay: " Allah ap par reham farmaye. Allah ki qasam ye bhaiyon ka kam hai."

🚏Allah se dua hai khe wo hamaray andar achay ikhlaq paida karay aur wo sifaat paida karay khe us kay passandeeda banday ban jayain. Ameen